Psychology - FA Part 2 Psychology Urdu Medium Full Book Short Questions Test

Q1. رویوں کی تبدیلی میں ذاتی اوصاف کا کیا کراد ہے؟

Ans 1: ذاتی اوصاف رویے کی تبدیلی کا باعث بنتی ہیں مثلاً ذہین افراد کے رویے عام افراد کی نسبت مختلف ہوتے ہیں اور وہ نئی معلومات کی روشنی میں اپنے رویے تبدیل کرتے ہیں.

Q2. صحت کی نفسیات سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: صحت کی نفسیات سے مراد وہ نفسیاتی اصول،نظریات اور تقاضے ہیں جو صحت کی ترویج ترقی کے لیے ضروری ہے.

Q3. کم خوری پر مختصر نوٹ لکھیں.

Ans 1: موٹے ہونے کے شدید خوف کی وجہن سے بعض اوقات افراد کم خوری کے مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں،وہ طبعی وزن برقرار نہں رکھ پاتے،انہیں وزن بڑھ جانے کا خوف طوری ہو جاتا ہے،اپنے آپ کو ہمیشہ موٹاپے کا شکار سمجتے ہیں. بار بار آئنہ دیکھتے ہیں اور پتلے ہونے کے لیے مختلف کتابیں پڑھتے ہیں.

Q4. انسان خلیفہ اللہ ہونے کی حیثیت سے کیا کرنا ہے؟

Ans 1: انسان خلیفہ اللہ ہونے کی حیثیت سے اپنے خالق کا حکم ماننا ہے.

Q5. پختگی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: پختگی ایک خاص عمر کے درجہ کی ضرورت کے مطابق افعال کو سرزد کرنے کی تیاری کا نام ہے.یہ فرد کے اندر موجود خصوصیات کے بے نقاب کرنے والا درجہ بلوغت ہے.

Q6. سماجیت یا سماجیانہ کی تعریف کریں.

Ans 1: سماجیت یا سماجیانہ سے مراد وہ عمل ہے جس کے ذریعے کوئی بھی فرد معاشرے کا علم،محرکات قدریں،زبان،مہارتیں اور سماجی مطابقت سیکھتا ہے.

Q7. دو نشہ آور اشیاء کا نام لکھیں.

Ans 1: 1.شراب.2 کوکین

Q8. کرچ اور کرش فیلڈ نے سماجی نفسیات کی کیا تعریف کریں؟

Ans 1: کرچ اور کرش فیلڈ نے کہا" سماجہ نفسیات معاشرے میں فرد کے کرادر کی سائنس ہے.

Q9. رائے عامہ کی تعریف کریں.

Ans 1: رائے عامہ سے مراد عوامی رائے ہے.یہ رائے کسی قومی اجتماعی ،نسلی،مذہبی ،سیاسی ،اقتصادی اور معاشرتی موضوع سے متعلق ہوتی ہے.افراد رائے عامہ کا اظہار ،وقوفی،احساساتی اور کردار حوالوں سے کرتے ہیں.

Q10. تحلیل نفسی میں خوابوں کے تجزیہ سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: فرائڈ کے خیال میں خواب نا آسودہ جنسی خواہشات کی تشفقی کا ایک ذریعہ ہیں لہذا اس کے خیال میں خوابوں کا تجزیہ مشیر کو مشار کے مسائل اور ان کو ڈھونڈ نکالنے میں مدد دیتا ہے.

Q11. کھانے کی عادات کو کیسے بہتر بنایا جا سکتا ہے؟

Ans 1: ڈاکٹرز کھانے کے حوالے سے ہدایات دیتے ہیں.ان میں سب سے اولین یہ ہے کہ آپ کے جسم کو کس قدر غذا کی ضرورت ہے، اگر کوئی فرد زیادہ جسمانی مشقت کرتا ہے تو اسے عام فرد کی نسبت زیادہ کھانے کی ضرورت ہے.فرد کو کھانے اور انرجی کے استعمال کے مابین ایک توازن رکھنے کی ضرورت ہے.اگر یہ توازن خراب ہوگا تو صحت پر برا اثر پڑے گا.

Q12. سماجیت کے ذرائع کونسے ہیں؟

Ans 1: 1.خاندان 2.ہم جولی 3.عزیزو اقارب 4.تعلیمی ادارے 5.مذہبی ادارے 6.سیاسی ادارے 7.قانونی ادارے

Q13. حصول،حصول کشمکش سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: حصول کشمکش اس وقت پیدا ہوتی ہے جن فرد کے سامنے دو یکساں محرکات یا مقاصد ہوں اور اسے ان میں سے ایک کو لینا ہو.فرد ان دونوں محرکات یا مقاصد کو یکساں طور پر پسند کرتا ہے،اسی صورت میں حصول -حصول کشمکش کا سامنا کرنا پڑتا ہے.

Q14. صحت کی نفسیات کی تعریف کریں.

Ans 1: صحت کی نفسیات سے مراد صحت کے بارے میں وہ نفسیاتی اصول،نظریات اور تقاضے ہیں جو صحت کی ترویج و ترقی کے لیے ضروری ہیں.

Q15. خبط عظّت الثقاق ذہنی سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: خبط عظّت الثقاق ذہنی غلط یقین ہے.

Q16. رویے کس چیز کا نتیجہ ہوتے ہیں؟

Ans 1: رویے آموزز کا نتیجہ ہوتے ہیں.

Q17. فشاری ردعمل سے کیا مرادہے؟

Ans 1: مقابلہ یا فرار کی حالت کو فشاری ردعمل کہتے ہیں.

Q18. تشویش کے پہلو لکھیں.

Ans 1: 1.غیر مخصوص تشویش 2.بے چینی 3.تھکاوٹ 4.یکسوئی میں کمی 5.کھچاؤ 6.نیند میں خلل

Q19. خواتین پر جنسی ہراساں کے اثرات بیان کریں.

Ans 1: خواتین پر جنس ہراساں کی وجہ سے ان پر سماجی جسمانی اور اقتصادی لحاظ سے برے اثرات مرتب ہوتے ہیں.

Q20. صحت کی تعریف کریں.

Ans 1: صحت سے مراد مکمل .جسمانی،ذہنی اور سماجی بہتری ہے.